**Fazil / Tausif**

**20-05-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں فیصل خان

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

☆ وزیر اعظم نریندر مودی آج روم میں اٹلی کی اپنی ہم منصب **Giorgia Meloni** کے ساتھ بات چیت کریں گے۔ دونوں رہنماء بھارت-مغربی ایشیا-یوروپی اقتصادی کوریڈور کے بارے میں تعاون بڑھانے کے طور طریقوں پر تبادلۂ خیال کریں گے اور **2025** سے **2029** تک کے مشترکہ کلیدی عملی منصوبے کا جائزہ لیں گے۔

☆ مغربی بنگال سرکار پہلی جون سے **Annapurna** اسکیم شروع کرے گی، جس کے تحت **25** سے لے کر **60** سال تک کی خواتین کو **3** ہزار روپے ماہانہ دیے جائیں گے۔

☆ ''ایک ملک، ایک چناؤ'' سے متعلق مشترکہ پارلیمانی کمیٹی نے کہا ہے کہ لوک سبھا اور اسمبلیوں کے انتخابات ایک ساتھ کرائے جانے سے تقریباً **7** لاکھ کروڑ روپے کی بچت ہوسکے گی اور بھارت کی **GDP** کی شرح ترقی میں ایک اعشاریہ چھ فیصد تک کا اضافہ ہوجائے گا۔

☆ **DGCA** نے اِس سال کے اوائل میں ایئر انڈیا کے بوئنگ **787-8** طیارے میں تکنیکی خرابی کے تناظر میں ایندھن کنٹرول سوئچ کا مزید معائنہ کیے جانے کا حکم دیا ہے۔

☆ اور **IPL** کرکٹ میں جے پور میں راجستھان رائلس نے لکھنؤ سپر جائنٹس کو **7** وکٹ سے ہرا دیا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM - Italy

وزیر اعظم نریندر مودی اٹلی کے اپنے پہلے باہمی دورے پر کل رات روم پہنچے، جہاں وہ اہم شعبوں میں مختلف سمجھوتوں پر دستخط کریں گے۔ اِن میں تجارت، دفاع، موبیلٹی، بحری سکیورٹی، بندرگاہوں سے متعلق اشتراک اور ماحولیات کیلئے سازگار توانائی شامل ہیں۔ اٹلی کے وزیر خارجہ **Antonio Tajani** نے ہوائی اڈے پر جناب مودی کا استقبال کیا۔

بعد میں اٹلی کی وزیر اعظم **Giorgia Meloni** نے جناب مودی کے اعزاز میں ایک ضیافت کا اہتمام کیا۔ اِس کے بعد جناب مودی **Anantara Palazzo Naiadi** ہوٹل پہنچے، جہاں بھارت نژاد افراد نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے گرمجوشی اور پُرتپاک انداز سے جناب مودی کا خیر مقدم کیا۔

**Sound Effect**

وزیر اعظم نریندر مودی نے بھی پُر جوش بھارتی برادری کے لوگوں کے ساتھ ہاتھ ملایا۔ انہوں نے اٹلی کے ایک آرٹسٹ Giampaolo Tomassetti کی ایک Painting کی نقاب کشائی بھی کی، جو وارانسی کے گھاٹوں اور بھارت کے قدیم اور دائمی شہر کی ثقافتی اور روحانی جھلک پیش کرنے کیلئے خاص طور پر بنائی گئی ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے …………

**VC - Superna**

*جناب مودی آج Quirinal پیلس میں اٹلی کے صدر Sergio Mattarella سے ملاقات کریں گے، جہاں انہیں گارڈ آف آنر پیش کیا جائے گا۔ جناب مودی کی آج کی مصروفیات میں وفود کی سطح کی بات چیت، پریس بیان، مفاہمت ناموں کا تبادلہ، دوطرفہ میٹنگیں اور خوراک اور زراعت کی تنظیم کا دورہ شامل ہیں۔ جناب مودی، Black Mulberry کا ایک پودہ بھی لگائیں گے، جو کھانے، طبی اور اُس کی ثقافتی اہمیت کے ذریعے بھارت اور اٹلی کو علامتی طور پر منسلک کرتا ہے۔*

*روم سے سُپرنا بھاٹیا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ……………………*

PM - Norway

اِس سے پہلے کل بھارت اور Nordic ملکوں نے اپنے باہمی تعلقات کو گرین ٹیکنالوجی اور اختراعی کلیدی ساجھیداری کی سطح پر پہنچانے کا اعلان کیا۔ اِن ملکوں میں ناروے، سویڈن، ڈنمارک، فن لینڈ اور آئس لینڈ شامل ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے ناروے کی راجدھانی اوسلو میں تیسرے بھارت-Nordic سربراہ اجلاس میں شرکت کے بعد Nordic ملکوں کے رہنماؤں کے ساتھ ایک مشترکہ پریس میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے یہ اعلان کیا۔

**SB - PM Modi on Green Technology -33 Secs**

وزیر اعظم نریندر مودی نے یہ بھی کہا کہ گزشتہ دہائی کے دوران، بھارت میں Nordic ملکوں کی سرمایہ کاری میں 200 فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔

**SB - PM Modi on Bilateral Trade - 35 Secs**

وزیر اعظم نے زور دے کر کہا کہ بھارت اور Nordic ملکوں کے درمیان تعلقات حالیہ تجارتی سمجھوتوں کے ساتھ ایک نئے سنہرے دور میں داخل ہوں گے، جس میں تجارتی اور اقتصادی ساجھیداری نیز بھارت اور یوروپی یونین کے درمیان آزاد تجارت کا معاہدہ بھی شامل ہے۔

دہشت گردی کے معاملے پر جناب مودی نے کہا کہ اِس معاملے پر دونوں ملکوں کا واضح اور مشترکہ موقف ہے۔ ''کوئی سمجھوتہ نہیں اور کوئی دوہرا معیار نہیں''۔

**SB - PM Modi on Terrorism - 37 Secs**

پیش ہے، وزیر اعظم کے ناروے کے دورے کے بارے میں ایک رپورٹ ………………

**VC - Sangeeta**

*تیسری بھارت-نورڈِک سمٹ کے بعد جاری کیے گئے ایک مشترکہ بیان میں، بھارت اور نورڈِک*

ملکوں کے مشترکہ مقاصد اور تصور کا خاکہ پیش کیا گیا ہے۔ دونوں فریقوں نے بھارت-نورڈِک تعلقات کو ماحول کیلئے سازگار ٹکنالوجی اور اختراعی دفاعی شراکت داری تک لے جانے کا فیصلہ کیا ہے۔

وزیر اعظم نے اوسلو کے اپنے دورے میں، کثیر ملکی اور دوطرفہ سرگرمیوں کے تحت ماحول کیلئے سازگار راہداری، سمندری معیشت، جہازوں کی تعمیر، صحت اور دفاع جیسے میدانوں میں، نورڈِک سرمایہ کاری کو دعوت دی ہے۔ بھارت-EU آزاد تجارتی سمجھوتے اور TEPA معاہدے کی روشنی میں انہوں نے نورڈِک خطّے کے ساتھ مضبوط تر اقتصادی اور تجارتی تعلقات کی بھارت کی دلچسپی کا اظہار کیا۔

دونوں رہنماؤں نے پہلگام میں دہشت گردانہ حملے سمیت، ہر طرح کی دہشت گردی کی، متفقہ طور پر سخت مذمت کی۔ وزیر اعظم نے بھارت-نورڈِک تعاون کو مزید گہرا کرنے کے عزم کو دوہرایا۔

اب اگلی بھارت-نورڈِک سمٹ، فن لینڈ کے شہر Helsinki میں منعقد ہوگی۔

اوسلو سے سنگیتا گوڈبولے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں..........

## Mor. WB Annapurna Yojana

مغربی بنگال سرکار نے، انّ پورنا یوجنا کا نوٹیفکیشن جاری کیا ہے، جس کا مقصد خواتین کو اُن کی سماجی و اقتصادی بہتری کیلئے تین-تین ہزار روپے کی یقینی ماہانہ مالی امداد فراہم کرنا ہے۔ یہ اسکیم خواتین اور بچوں کی ترقی اور سماجی بہبود کے محکمے نے شروع کی ہے، جس پر اگلے مہینے کی پہلی تاریخ سے عمل شروع ہو جائے گا۔

اسکیم کے تحت یہ مالی امداد، فائدے کی راست منتقلی کے تحت، اہل خواتین کے، آدھار سے مربوط بینک کھاتوں میں براہِ راست منتقل کر دی جائے گی۔

اسکیم کیلئے اہل ہونے کی شرائط یہ ہیں کہ اُن کی عمر 25 سے 60 سال کے درمیان ہونی چاہیے۔ وہ انکم ٹیکس ادا نہ کرتے ہوں۔ وہ کسی مستقل سرکاری ملازمت میں نہ ہوں یا اُنہیں ریاست یا مرکزی، قانونی، پنچایتی، بلدیاتی، مقامی ادارے یا سرکار کی مدد والے تعلیمی ادارے کی طرف سے کوئی لگاتار تنخواہ یا پنشن نہ ملتی ہو۔ ×

## Mor. WB - OBC Reservation

مغربی بنگال سرکار نے ریاستی سرکار کے تحت، خدمات اور عہدوں میں ریزرویشن کیلئے OBC کے 66 درجات کی ایک فہرست جاری کی ہے۔ یہ فہرست کولکاتہ ہائی کورٹ کے حکم کے بعد جاری کی گئی ہے۔ مغربی بنگال سرکار نے OBC A کیلئے 10 فیصد اور OBC B کیلئے 7 فیصد ریزرویشن منسوخ کر دی ہے۔

مغربی بنگال سرکار کے پسماندہ طبقوں کی بہبود کے محکمے کی طرف سے جاری کیے گئے ایک نوٹیفکیشن میں 7 فیصد ریزرویشن کیلئے OBC کے 66 طبقوں کی فہرست شائع کی گئی ہے۔

ریزرویشن کے پہلے کے دو زمروں کو ختم کر دیا گیا ہے۔ کولکاتہ ہائی کورٹ کے ڈویژن بنچ کے حکم پر عمل کرتے ہوئے وہ OBC فہرست جس میں 2010 سے پہلے بھارتی آئین کی دفعہ 16 (4) کے تحت ریاستی فہرست کے تحت 66 طبقوں کو شامل کیا گیا ہے، وہ جوں کے توں رہیں گے۔×

ONOE - JPC Gujrat

مشترکہ پارلیمانی کمیٹی JPC، جسے ''ایک ملک ایک چناؤ'' کے مقصد سے تشکیل دیا گیا ہے، اِس کے ارکان کُل سے گُجرات کے تین روزہ دورے پر رہیں گے۔ گاندھی نگر کے گِفٹ سِٹی سینٹر میں، پی-پی چودھری کی قیادت میں JPC کے ارکان نے چیف سکریٹری ایم-کے داس، DGP ڈاکٹر کے-ایل-این راؤ اور دیگر سینئر افسران کے ساتھ بات چیت کی۔

گاندھی نگر میں کل شام ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے JPC کے چیئرمین پی-پی چودھری نے کہا کہ ہر ایک نے اِس نظریے کا اظہار کیا کہ سبھی انتخابات، ایک ساتھ کرائے جانے چاہئیں۔ انہوں نے ''ایک ملک ایک چناؤ'' کو، قومی مفاد کے تحت ایک اہم قدم قرار دیا۔

**S/B - P P Chaudhry Chairman JPC**

JPC میں چیئرمین کے علاوہ 39 ارکان ہیں، جن میں 27 ارکانِ پارلیمنٹ ، لوک سبھا اور 12 راجیہ سبھا کے ہیں۔×

BREAK

یہ خبرنامہ آ کاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Nadda Geneva

صحت کے مرکزی وزیر جگت پرکاش نڈّا نے، جنیوا میں 69 وِیں عالمی صحت اسمبلی میں سب کیلئے صحت بیمہ، ڈیجیٹل صحت اختراع اور عالمی صحت یگانگت کے تئیں، بھارت کے عزم کو ایک بار پھر دوہرایا ہے۔

اسمبلی کے موضوع ''عالمی صحت کی تشکیلِ نو: ایک مشترکہ ذمہ داری'' پر کُل خطاب کرتے ہوئے جناب نڈّا نے سب کیلئے صحت بیمے کے تئیں، پوری حکومت اور پورے سماج کے نظریے کے تحت، بھارت کی پیشرفت کو اُجاگر کیا۔

وزیرِ صحت نے عالمی اجتماع کو بتایا کہ بھارت نے پورے ملک میں ایک لاکھ 85 ہزار آیوشمان آروگیہ مندر شروع کیے ہیں، جن میں سماج کی سطح پر ابتدائی حفظانِ صحت کی جامع خدمات فراہم کی جا رہی ہیں۔×

UP Heatwave

اترپردیش شدید گرمی کی گرفت میں ہے اور ہر گزرنے والے دن کے ساتھ وہاں ریکارڈ توڑ درجۂ حرارت دیکھنے میں آرہا ہے۔ ریاست کے بندیل کھنڈ خطے میں باندہ ضلع لگاتار تیسرے دن ملک میں سب سے گرم مقام رہا اور وہاں پارہ 48 اعشاریہ دو ڈگری سیلسیس تک پہنچ گیا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ............

**VC - Sushil**

ریاست کے دیگر حصوں میں بھی شدید گرمی سے کوئی راحت نہیں ملی ہے اور دن کا ٹیمپریچر کئی مقامات پر 44 سے لے کر 47 ڈگری سیلسیس کے درمیان چل رہا ہے۔حتی کہ رات میں بھی موسم گرم ہے اور کئی شہروں میں کم سے کم درجۂ حرارت 30 ڈگری سیلسیس کے قریب چل رہا ہے۔گرمی بڑھنے سے جانور اور پرندے بھی بہت زیادہ متاثر ہوئے ہیں۔ روز مرہ کی زندگی درہم برہم ہوکر رہ گئی ہے اور لو لگنے کے واقعات میں بھی اضافہ ہوا ہے۔موسمیات محکمے نے ریاست میں اگلے دو دن تک شدید گرمی کے امکان کے مدنظر ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔

لکھنؤ سے سشیل چندر تیواری کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں .................

MP - Heatwave

مدھیہ پردیش میں بھی شدید گرمی کا زور جاری ہے۔ ریاست میں پہلی مرتبہ درجۂ حرارت 47 ڈگری سیلسیس تک پہنچ گیا ہے۔کئی ضلعوں کیلئے اورنج اور Yellow الرٹ جاری کیا گیا ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ...........

**VC - Abhinav**

مدھیہ پردیش میں تیز دھوپ نکلنے اور لو چلنے سے روز مرہ کی زندگی متاثر ہوئی ہے۔موسمیات محکمے نے کئی ضلعوں میں شدید گرمی کے امکان کے مدنظر اورنج الرٹ جاری کیا ہے۔ اِن میں داتیہ، بھِنڈ، ریوا، ستنا، پنّا، ساگر، چھترپور، ٹیکم گڑھ اور Niwadi شامل ہیں۔ اِس کے علاوہ، بھوپال، اندور، اُجین، گوالیار، جبلپور اور درجنوں دیگر ضلعوں کیلئے Yellow الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ ریاست میں اگلے تین چار دن تک گرمی کا زور جاری رہنے کا امکان ہے۔کل Naugaon میں پارہ 47 ڈگری، جبکہ کھجوراہو میں 46 اعشاریہ چار ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔ ریاست کے 22 شہروں میں دن کا ٹیمپریچر 44 ڈگری سیلسیس سے تجاوز کرگیا ہے۔

بھوپال سے ابھینو گوئل کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں .................

Delhi - IMD

بھارتی موسمیات محکمے نے قومی راجدھانی دلّی میں اِس مہینے کی 25 تاریخ تک شدید گرمی اور لو چلنے کے امکان کے مدنظر Yellow الرٹ جاری کیا ہے۔ شہر میں کہیں کہیں دن کا پارہ 44 ڈگری سے لے کر 46 ڈگری سیلسیس تک رہنے کا امکان ہے، جبکہ کم سے کم درجۂ حرارت کے 26 سے لے کر 28 ڈگری سیلسیس کے آس پاس رہنے کی پیش گوئی کی گئی ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹے کے دوران، قومی راجدھانی میں دن کا ٹیمپریچر مختلف مقامات پر 45 سے لے کر 47 ڈگری سیلسیس کے درمیان ریکارڈ کیا گیا۔×

DGCA AIC 132

شہری ہوابازی کے ڈائریکٹوریٹ جنرل نے **DGCA** کے افسران کی موجودگی میں، اصلی کل پرزے بنانے والی فیکٹری میں، ایئر انڈیا کے ایک بوئنگ **8 - 787** طیارے کے ایندھن کو کنٹرول کرنے والے سوئچز کے معائنے کی ہدایت دی ہے۔

**DGCA** کے مطابق ایئر انڈیا کے اِس طیارے **VT-ANX** کو، اِس سال **2** فروری کو، زمین پر اُتار لیا گیا تھا۔

یہ طیارہ لندن کے **Heathrow** ہوائی اڈّے سے **AIC - 132** پرواز کے تحت، بنگلورو آ رہا تھا۔ اِس طیارے کو پائلٹ کی طرف سے خرابی کی رپورٹ دیے جانے کے بعد زمین پر اُتارا گیا۔ رپورٹ میں کہا گیا تھا کہ بائیں طرف والا ایندھن کنٹرول سوئچ، **RUN** سے پھسل کر **CUTOFF** میں چلا گیا تھا۔×

IIMC Urdu Journ Addmission

انڈین انسٹی ٹیوٹ آف ماس کمیونیکیشن **IIMC** نے تعلیمی سال **2026-27** کیلئے اردو صحافت میں پوسٹ گریجویٹ ڈپلومہ کورس میں داخلے کیلئے درخواستیں طلب کی ہیں۔ آن لائن داخلے کا عمل شروع ہوچکا ہے اور خواہشمند طلباء ادارے کی ویب سائٹ کے ذریعے **26** مئی تک درخواست دے سکتے ہیں۔

انسٹی ٹیوٹ کے مطابق، داخلہ امتحان یکم جون کو نئی دلّی میں **IIMC** ہیڈکوارٹرز میں ہوگا۔ تسلیم شدہ یونیورسٹی سے کسی بھی ڈسپلن میں بیچلرز ڈگری حاصل کرچکے گریجویٹ طلباء اِس کورس کیلئے درخواست دے سکتے ہیں۔ فائنل ایئر یا **Semester** امتحان دینے والے طلباء بھی داخلے کیلئے درخواست دے سکتے ہیں۔×

IPL Cricket

**IPL** کرکٹ میں کل رات جے پور میں راجستھان رائلس نے لکھنؤ سپر جائنٹس کو سات وکٹ سے ہرا دیا۔ اِس طرح راجستھان کی ٹیم نے پلے آف مرحلے میں پہنچنے کی اپنی امید برقرار رکھی ہے۔

راجستھان رائلس نے **221** رن کا بڑا نشانہ محض **3** وکٹ کھو کر حاصل کرلیا، جبکہ **5** گیندوں کا کھیل باقی تھا۔

اُبھرتے ہوئے نوجوان کھلاڑی **Vaibhav** سوریہ ونشی نے صرف **38** گیندوں پر تیز رفتار **93** رن بنائے۔ انہیں میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

اِس سے قبل، راجستھان رائلس نے ٹاس جیت کر لکھنؤ سپر جائنٹس سے بلے بازی کرنے کو کہا اور اُس نے **20** اوورز میں **5** وکٹ پر **220** رن اسکور کیے۔

آج کولکاتہ کے ایڈن گارڈنس میں کولکاتہ نائٹ رائڈرس کا مقابلہ ممبئی انڈینس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔×

Railway Electrification

بھارت نے، ریلویز کو جدید بنانے کے کام میں ایک بڑا سنگِ میل طے کیا ہے۔ ملک نے ریلوے کے چوڑی لائن کے نیٹ ورک پر **99** اعشاریہ **6** فیصد بجلی کاری کر لی ہے۔ اِس سال مارچ تک، چوڑی ریل لائنوں پر **69** ہزار **873** کلو میٹر سے زیادہ راستے کی، بجلی کاری کر دی گئی تھی۔

اِس حصولیابی کے ساتھ بھارت، یوروپی یونین، برطانیہ اور امریکہ سمیت بہت سے ملکوں کے ریل نظام سے آگے بڑھ گیا ہے۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: اسلم بیگ
شکریہ - فیصل

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے تقریباً سبھی اردو اخبارات نے وزیر اعظم کے دو روزہ ناروے دورے کی خبر کو اولیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

روزنامہ پرتاپ نے سرخی لگائی ہے: بھارت ناروے تجارتی اور تحقیقی سربراہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم مودی نے کہا کہ ناروے اور بھارت کے درمیان متعدد شعبوں میں تعاون کے وسیع امکانات اور ہمارے ملک میں غذائی سکیورٹی، ماہی پروری جیسے شعبوں میں پارٹنرشپ کے موقعے موجود ہیں۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کے ویتنام دورے کی خبر کو نمایاں طور پر شائع کرتے ہوئے سرخی لگائی ہے۔ بھارت اور ویتنام کے رہنماؤں نے ہند-بحرالکاہل خطّے میں امن، استحکام، سلامتی اور سمندری راستوں کی آزادی برقرار رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ اسی اخبار نے ایک اور اہم خبر کو سرخی بنایا ہے۔ بھارت اور نورڈک ممالک نے دہشت گردی پر ''نو کمپرومائز، نو ڈیل اسٹینڈرڈ'' کا پیغام دیا۔

روزنامہ انقلاب نے روسی صدر کے بیجنگ دورے کی خبر کو سرخی بنایا ہے: ولادیمیر پتن کو چین کے ساتھ اہم گیس پائپ لائن معاہدے کی امید، روس اور چین کے تعلقات عالمی استحکام کی ضمانت۔

اخبارات کی کچھ اہم سرخیاں

☆ میں نے خلیجی ممالک کی اپیل کے بعد ایران پر حملہ روکا۔ ٹرمپ کا بیان۔

☆ نکسل متاثرہ علاقے بستر کو ترقی اور خوشحالی کا ماڈل بنایا جائے گا۔ امت شاہ کا بیان۔

☆ مرکزی وزیر نتن گڈکری اور وزیر اعلیٰ ریکھا گپتا نے دہلی-ممبئی ایکسپریس وے کا معائنہ کیا۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

☆ وزیر اعظم نریندر مودی آج روم میں اٹلی کی اپنی ہم منصب **Giorgia Meloni** کے ساتھ بات چیت کریں گے۔ دونوں رہنماء بھارت-مغربی ایشیا-یوروپی اقتصادی کوریڈور کے بارے میں تعاون بڑھانے کے طور طریقوں پر تبادلۂ خیال کریں گے اور **2025** سے **2029** تک کے مشترکہ کلیدی عملی منصوبے کا جائزہ لیں گے۔

☆ مغربی بنگال سرکار پہلی جون سے **Annapurna** اسکیم شروع کرے گی، جس کے تحت **25** سے لے کر **60** سال تک کی خواتین کو **3** ہزار روپے ماہانہ دیے جائیں گے۔

☆ ''ایک ملک، ایک چناؤ'' سے متعلق مشترکہ پارلیمانی کمیٹی نے کہا ہے کہ لوک سبھا اور اسمبلیوں کے انتخابات ایک ساتھ کرائے جانے سے تقریباً 7 لاکھ کروڑ روپے کی بچت ہوسکے گی اور بھارت کی GDP کی شرح ترقی میں ایک اعشاریہ چھ فیصد تک کا اضافہ ہوجائے گا۔

☆ DGCA نے اِس سال کے اوائل میں ایئر انڈیا کے بوئنگ 787-8 طیارے میں تکنیکی خرابی کے تناظر میں ایندھن کنٹرول سوئچ کا مزید معائنہ کیے جانے کا حکم دیا ہے۔

☆ اور IPL کرکٹ میں جے پور میں راجستھان رائلس نے لکھنؤ سپر جائنٹس کو 7 وکٹ سے ہرا دیا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~
~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~